ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(763)

02-12-2022

بہاول پور() بہاولپور پولیس کی ماہ نومبر 2022 کی کارکردگی رپورٹ جاری،410 مجرمان اشتہاری و70 عدالتی مفروران اور 4 7 ٹارگٹ اوفینڈر سمیت 2 6 8 ملزمان گرفتار کر لیے، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مال مسروقہ کے علاوہ 84 لاکھ 66 ہزار روپے سے زائد نقدی برآمد ہوئی، 44 کلوگرام سے زائد چرس، 4947 لیٹر شراب، 860 لیٹر لہن اور 17 چالو بھٹیاں شراب جرائم پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ پر بھی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ عوام اور پولیس میں موجود خلیج کو دور کرکے اعتماد کی فضا کو بحال کیا جاسکے،جرائم پر مکمل کنٹرول کرنے کے لیے شہری پولیس کا ساتھ اور جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کریں،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق بہاول پور پولیس نے رواں سال ماہ نومبر میں 268 مقدمات درج رجسٹر کیے۔گینگز کے خلاف کارروائیاں میں 04 گینگ ٹریس، ان ملوث 16 ملزمان گرفتار ہوئے، جن سے نئے اور پرانے ٹریس آؤٹ اور اسلحہ ناجائز برآمد کرنے کے علاوہ لاکھوں روپے سے زائد کا مال مسرقہ برآمد ہوا۔غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کریک ڈان کرتے ہوئے 92 مقدمات درج اور 92 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06 عدد رائفل ، 07 عدد کلاشنکوف، 75 عدد پسٹل /ریوالور ، 04 عدد پمپ ایکشن/بندوق اور 353 گولیاں برآمد کیں۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 160 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 160 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 44 کلو 509 گرام چرس ، 780 گرام افیون، 4947 لیٹر شراب، 860 لیٹر لہن اور 17 چالو بھٹیاں شراب قبضہ پولیس میں لی گئیں۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈان کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 34 اور "B" کے 376 سمیت 10 مجرم اشتہاریوں کے علاوہ کیٹگری A کے 08 اور کیٹگری B کے 62 عدالتی مفروران اور 47 ٹارگٹ اوفینڈر کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔قمار بازی کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 14 مقدمات درج کر کے 61 جواریوں کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کیا۔اس کے علاوہ قحبہ خانہ کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 02 مقدمات درج کر کے 06 ملزمان کو گرفتار کیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ماہ نومبر کی کارگزاری رپورٹ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون /اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے،شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور پولیس کی ماہ نومبر 2022ء کی کارکردگی رپورٹ جاری، 410 مجرمان اشتہاری و70 عدالتی مفروران اور 47 ٹارگٹ اوفینڈر سمیت 862 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(764)

02-12-2022

بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کے سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اورامام بارگاہوں کے وزٹ،سکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظرڈیوٹی پرمامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسندعناصر اپنے مذموم مقاصدمیں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوکی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامورافسران واہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کرڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوعبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظرشرپسندعناصر پرکڑی نظر رکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسندعناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریامیں مثر گشت اورسیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: جمعتہ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجد پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔